| | |
|---|---|
| **PRESS RELEASE**<br>**Media Contacts: Karachi**<br>**Kafil Ahmad**<br>Tel: 021-35311898<br>Fax: 021-35390410<br>Email: **ti.pakistan@gmail.com**<br>Website: www.transparency.org.pk | **Transparency**<br>**International Pakistan**<br>72F/2, 9th Street, Jammi Commercial, Phase 7, DHA Karachi |

**Transparency International Pakistan Calls Upon the Federal and Provincial Governments for Adoption and Enforcement of Whistleblower Protection Laws at Federal and Provincial Levels**

Karachi, June 22, 2024 — Transparency International Pakistan has called upon the Prime Minister, provincial Chief Ministers, Chairman Senate and Speakers of National and Provincial Assemblies, seeking attention towards a delay in the enactment of Whistleblower Protection Acts at the federal and provincial levels in Pakistan. The letters written by TI Pakistan note that for the progress of integrity and eliminating corruption from the country and fostering an environment where citizens can report misconduct without fear of retaliation, effective whistleblower protection laws are essential.

TI Pakistan further highlights that the Government of Pakistan ratified United Nations Convention against Corruption (UNCAC) in 2007. Article 8.4 and 13.2 of UNCAC mandates governments to implement legal measures that protect whistleblowers. To ensure compliance with UNCAC provisions, TI Pakistan calls on the federal government and the provincial governments of Punjab, Sindh and Balochistan to enact laws regarding the reporting and protection of whistle-blowers, which includes adequate reporting mechanisms and protective measures, in line with the UNCAC requirements.

TI Pakistan has also highlighted that there have been attempts to introduce whistleblower protection legislation in the past, including on May 2019, when Whistleblower Protection and Vigilance Commission Act, 2019 bill was presented in the National Assembly, however, it was later withdrawn by the Ministry of Law. TI Pakistan has further emphasized that while the province of Khyber Pakhtunkhwa has passed Whistleblower Protection and Vigilance Commission Act 2016, the province must establish Whistleblower Protection and Vigilance Commission as mandated under Section 3 of the Act.

**ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کا صوبائی و وفاقی حکومتوں سے وسل بلوئنگ قوانین بنانے اور نافذ کرنے کا مطالبہ**

کراچی، 22 جون 2024: ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان نے وزیر اعظم پاکستان، وزرائے اعلیٰ، چیئرمین سینیٹ، اور قومی و صوبائی اسمبلی کے اسپیکرز سے درخواست کی ہے کہ وہ قومی و صوبائی سطح پر وسل بلوئنگ کے قوانین کے نفاذ میں تاخیر پر توجہ دیں. ٹی آئی پاکستان کی جانب سے لکھے گئے خطوط میں کہا گیا ہے کہ ملک میں گڈ گورننس اور کرپشن سے خاتمے کے لیے، اور ایسے ماحول کے لیے جہاں ہر شخص بلا خوف و خطر کرپشن کی نشاندہی کرسکے، مؤثر وسل بلوئنگ قوانین کا نفاذ ضروری ہے.

ٹی آئی پاکستان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ حکومت پاکستان اقوام متحدہ کے کنونشن اگینسٹ کرپشن (UNCAC) کی 2007 سے دستخط کننده ہے. اس معاہدے کا آرٹیکل 8.4 اور 13.2 حکومتوں کو پابند کرتا ہے کہ وہ کرپشن کی نشاندہی کرنے والے یعنی وسل بلوورز کی حفاظت کے لیے قانونی اقدامات اٹھائیں. اس معاہدے کی شقوں کی پاسداری کے لیے ٹی آئی پاکستان نے وفاقی حکومت، سندھ، پنجاب اور بلوچستان کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ وسل بلوئنگ کے

قوانین بنائیں جس میں کرپشن کی نشاندہی کرنے والوں کو قانونی تحفظ حاصل ہو، اور کرپشن کی نشاندہی کا باقاعدہ مکینزم موجود ہو.

ٹی آئی پاکستان کی جانب سے توجہ دلائی گئی ہے کہ ماضی میں وسل بلوئنگ کے قوانین متعارف کروانے کی کوشش کی گئی تھی، بشمول 19 مئی، جب قومی اسمبلی میں وسل بلوورز پروٹیکشن اینڈ ویجیلنس کمیشن ایکٹ 2019 پیش کیا گیا، تاہم بعد میں اسے واپس لے لیا گیا. ٹی آئی پاکستان نے زور دیا کہ صوبہ خیبر پختونخواہ نے وسل بلوور پروٹیکشن اینڈ ویجیلنس کمیشن ایکٹ 2016 منظور کیا ہے، تاہم اس کے آرٹیکل 3 کے تحت وسل بلوور پروٹیکشن اینڈ ویجیلنس کمیشن بھی تشکیل دیا جائے.